www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ | کج روی اختیار کرتے ہیں اُسکے ناموں (کے بارے) میں |
| سَيُجْزَوْنَ مَا | عنقریب وہ بدلہ دیے جائیں گے (اس کا) جو |
| كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿180﴾ | وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿180﴾ |
| وَ مِمَّنْ خَلَقْنَآ | اور اُن میں سے جنہیں ہم نے پیدا کیا |
| اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ | ایک گروہ ہے (جو) رہنمائی کرتے ہیں حق کے ساتھ |
| وَ بِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿181﴾ ع 22/10/12 | اور اس کے ساتھ وہ عدل کرتے ہیں ﴿181﴾ |
| وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا | اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو |
| سَنَسْتَدْرِجُهُمْ | عنقریب ہم پکڑیں گے تدریجاً اُنہیں |
| مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚۖ ﴿182﴾ | جہاں سے وہ جانتے نہ ہوں گے۔ ﴿182﴾ |
| وَ اُمْلِيْ لَهُمْ ؕ قف | اور میں مہلت دوں گا اُنہیں |
| اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿183﴾ | بیشک میری تدبیر بہت مضبوط ہے۔ ﴿183﴾ |
| اَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٚ سکتۃ | اور کیا نہیں اُنہوں نے غور کیا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُلْحِدُوْنَ : الحاد، ملحد۔

اَسْمَآءِ ہٖ : اسم، اسمائے حسنیٰ، اسم بامسمیٰ۔

سَيُجْزَوْنَ : جزا، جزاک اللہ خیرا، جزا و سزا۔

يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔

خَلَقْنَآ : خالق، مخلوق، تخلیق۔

اُمَّةٌ : امت محمدیہ، تقدیر امم۔

يَّهْدُوْنَ : ہدایت، ہادی برحق۔

بِالْحَقِّ : حق و صداقت، اہل حق۔

يَعْدِلُوْنَ : عدل و انصاف، عدالت۔

كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کاذب، کذاب۔

بِاٰيٰتِنَا : آیت، آیات۔

حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔

يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

يَتَفَكَّرُوْا : غور و فکر، تفکر، مفکر پاکستان۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| يُلْحِدُوْنَ | فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ط | سَيُجْزَوْنَ |
| وہ سب کج روی اختیار کرتے ہیں | اُسکے ناموں (کے بارے) میں | عنقریب وہ سب بدلہ دیے جائینگے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❶ (180) | وَ | مِمَّنْ | خَلَقْنَآ |
| (اس کا) جو | تھے وہ سب عمل کرتے | اور | (اُن) میں سے جنہیں | ہم نے پیدا کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُمَّةٌ ❷❸ | يَّهْدُوْنَ | بِالْحَقِّ | وَ | بِهٖ |
| ایک گروہ ہے | (کہ) وہ سب رہنمائی کرتے ہیں | حق کے ساتھ | اور | اسی کے ساتھ |

ع 22 / 10 / 12

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَعْدِلُوْنَ (181) ع | وَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا ❹ | بِاٰيٰتِنَا ❸ |
| وہ سب عدل کرتے ہیں | اور | وہ لوگ جن | سب نے جھٹلایا | ہماری آیات کو |

| | | |
|---|---|---|
| سَنَسْتَدْرِجُهُمْ ❺ | مِّنْ حَيْثُ | لَا يَعْلَمُوْنَ (182) صلے |
| عنقریب ہم تدریجا پکڑیں گے اُنہیں | جہاں سے | نہیں وہ سب جانتے ہوں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اُمْلِيْ | لَهُمْ ❻ قف | اِنَّ | كَيْدِيْ |
| اور | میں مہلت دوں گا | اُنہیں | بیشک | میری تدبیر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَتِيْنٌ (183) | اَوَ | لَمْ | يَتَفَكَّرُوْا ❼ سکتة |
| بہت مضبوط ہے | اور کیا | نہیں | اُن سب نے غور کیا (کہ) |

## ضروری وضاحت

❶ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب ہے۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❸ ة اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ رنگ میں ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❹ اگر فعل کے درمیان میں شد ہو تو اس میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں علامت لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ یہاں ضرورتاً ترجمہ وہ سب کی بجائے ان سب کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ | نہیں ہے اُن کے ساتھی کو کوئی جنون |
| اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿184﴾ | نہیں ہے وہ مگر واضح ڈرانے والا۔ ﴿184﴾ |
| اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ | اور کیا نہیں اُنھوں نے دیکھا آسمانوں کی بادشاہی میں |
| وَ الْاَرْضِ وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ | اور زمین کی اور جو اللہ نے پیدا کی ہے کوئی چیز |
| وَّاَنْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ | اور شاید یہ کہ ہو یقیناً قریب اُن کا مقررہ وقت |
| فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿185﴾ | تو کس بات پر اس کے بعد وہ ایمان لائیں گے۔ ﴿185﴾ |
| مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ | جسے اللہ گمراہ کردے |
| فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ | تو کوئی نہیں ہدایت دینے والا اُسے |
| وَ يَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ | اور وہ چھوڑ دیتا ہے اُنہیں اُن کی سرکشی میں |
| يَعْمَهُوْنَ ﴿186﴾ | وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ ﴿186﴾ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ | پوچھتے ہیں آپ سے قیامت کے بارے میں |
| اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ | کہ کب ہے اس کا واقع ہونا، کہہ دیجیے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بِصَاحِبِهِمْ : صاحب، اصحاب، صحابی۔ | اِقْتَرَبَ : قریب، قرب، مقرب، تقرب۔ |
| جِنَّةٍ : جنون، جنونیت، جنونی۔ | اَجَلُهُمْ : اجل، مہر مؤجل۔ |
| نَذِيْرٌ : بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔ | يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔ |
| مُّبِيْنٌ : بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔ | يُّضْلِلِ : ضلالت (گمراہی)۔ |
| يَنْظُرُوْا : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔ | هَادِيَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔ |
| مَلَكُوْتِ : ملک، ملوکیّت۔ | طُغْيَانِهِمْ : طغیانی، طاغوتی طاقتیں۔ |
| شَيْءٍ : شے، اشیائے خورد و نوش۔ | يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| مَا | بِصَاحِبِهِمْ | مِّنْ جِنَّةٍ ط ❶❷❸ | اِنْ هُوَ | اِلَّا | نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (184) |
|---|---|---|---|---|---|
| نہیں ہے | اُن کے ساتھی کو | کوئی جنون | نہیں ہے وہ | مگر | واضح ڈرانے والا |

| اَوَ | لَمْ | يَنْظُرُوْا ❹ | فِيْ مَلَكُوْتِ | السَّمٰوٰتِ ❷ | وَ | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کیا | نہیں | اُن سب نے دیکھا | بادشاہت میں | آسمانوں کی | اور | زمین کی |

| وَ مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ | مِنْ شَيْءٍ لا ❶❸ | وَّاَنْ | عَسٰٓى اَنْ | يَّكُوْنَ ❺ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو | پیدا کی ہے | اللہ نے | کوئی چیز | اور یہ کہ | شاید کہ | ہو |

| قَدِ | اقْتَرَبَ | اَجَلُهُمْ ج | فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ | بَعْدَهٗ |
|---|---|---|---|---|
| یقیناً | قریب آگیا | اُن کا مقررہ وقت | تو کس بات پر | اس کے بعد |

| يُؤْمِنُوْنَ (185) | مَنْ | يُّضْلِلِ ❺ | اللّٰهُ | فَلَا هَادِيَ |
|---|---|---|---|---|
| وہ سب ایمان لائیں گے | جسے | گمراہ کردے | اللہ | تو کوئی نہیں ہدایت دینے والا |

| لَهٗ ط | وَ | يَذَرُهُمْ | فِيْ طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ (186) |
|---|---|---|---|---|
| اُس کو | اور | وہ چھوڑ دیتا ہے اُنہیں | اپنی سرکشی میں | وہ سب بھٹکتے پھرتے ہیں |

| يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ السَّاعَةِ ❷ | اَيَّانَ | مُرْسٰهَا ط | قُلْ ❼ |
|---|---|---|---|---|
| وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے | قیامت کے بارے میں | (کہ) کب ہے | اسکا واقع ہونا | کہہ دیجیے |

## ضروری وضاحت

❶ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ علامت لَمْ کے بعد فعل میں عموماً گزرے ہوئے زمانے کا ترجمہ کیا جاتا ہے اسی لیے وہ سب نہیں دیکھتے کی بجائے ان سب نے نہیں دیکھا ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❺ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ لَا کے بعد ایسا اسم ہو جس کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ قُلْ یہ قَوْلٌ سے بنا ہے اس میں سے "و" گر گئی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ | درحقیقت اسکا علم (تو) میرے رب کے پاس ہے |
| لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؕ | نہیں ظاہر کرتا اُسے اس کے وقت پر مگر وہی |
| ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ | وہ (قیامت بہت) بھاری ہے آسمانوں اور زمین میں |
| لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ | نہیں آئے گی تم پر مگر اچانک |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ | وہ (ایسے) پوچھ رہے ہیں آپ سے گویا کہ آپ |
| حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ | خوب تحقیق کرنے والے ہیں اس کی |
| قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ | کہہ دیجیے درحقیقت اس کا علم اللہ کے پاس ہے |
| وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿187﴾ | اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿187﴾ |
| قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ | کہہ دیجیے نہیں میں اختیار رکھتا اپنی جان کے لیے |
| نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ | کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا مگر جو اللہ چاہے |
| وَ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ | اور اگر میں ہوتا جانتا غیب کو |
| لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ | یقیناً میں بہت حاصل کر لیتا بھلائی سے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عِلْمُهَا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔ | النَّاسِ : عوام النّاس، عامۃ النّاس۔ |
| لِوَقْتِهَا : وقت، اوقات، مواقیت، ابن الوقت۔ | يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔ |
| ثَقُلَتْ : ثقیل، ثقل، کشش ثقل۔ | اَمْلِكُ : مالک، ملکیّت، املاک۔ |
| السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔ | لِنَفْسِيْ : نفسا نفسی، نظام تنفّس۔ |
| الْاَرْضِ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔ | ضَرًّا : ضرر رساں، مضر صحت۔ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول۔ | شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت الٰہی۔ |
| اَكْثَرَ، لَاسْتَكْثَرْتُ : کثیر، کثرت، اکثر۔ | الْخَيْرِ : خیر وعافیت، جزائے خیر۔ |

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| اِنَّمَا ❶ | عِلْمُهَا | عِنْدَ رَبِّيْ ج | لَا يُجَلِّيْهَا |
| درحقیقت | اسکا علم | میرے رب کے پاس ہے | نہیں وہ ظاہر کرے گا اُسے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِوَقْتِهَآ | اِلَّا | هُوَ ط | ثَقُلَتْ ❷ | فِي السَّمٰوٰتِ ❸ |
| اس کے وقت پر | مگر | وہی | وہ (بہت) بھاری ہے | آسمانوں میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ ط | لَا تَاْتِيْكُمْ ❷ | اِلَّا | بَغْتَةً ❸ ط | يَسْـَٔلُوْنَكَ |
| اور | زمین میں | نہیں آئے گی تم پر | مگر | اچانک | وہ سب (ایسے) پوچھ رہے ہیں آپ سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَاَنَّكَ | حَفِيٌّ | عَنْهَا ط | قُلْ | اِنَّمَا ❶ | عِلْمُهَا |
| گویا کہ آپ | خوب تحقیق کرنیوالے ہیں | اس کی | کہہ دیجیے | درحقیقت | اس کا علم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ اللّٰهِ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ النَّاسِ | لَا يَعْلَمُوْنَ (187) | قُلْ | لَّآ |
| اللہ کے پاس ہے | اور لیکن | اکثر لوگ | نہیں وہ سب جانتے | کہہ دیجیے | نہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْلِكُ | لِنَفْسِيْ | نَفْعًا ❹ | وَّلَا | ضَرًّا ❹ | اِلَّا | مَا شَآءَ اللّٰهُ ط |
| میں اختیار رکھتا | اپنی جان کے لیے | کسی نفع کا | اور نہ | کسی نقصان کا | مگر | جو اللہ چاہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ لَوْ | كُنْتُ اَعْلَمُ ❺ | الْغَيْبَ | لَا سْتَكْثَرْتُ ❻ | مِنَ الْخَيْرِ ج |
| اور اگر | میں جانتا ہوتا | غیب کو | یقیناً میں بہت حاصل کرلیتا | بھلائی سے |

## ضروری وضاحت

❶ اِنَّمَا دراصل اِنَّ + مَا کا مجموعہ ہے اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں مزید تاکید پیدا ہو جاتی ہے۔ ❷ تْ اور تَ فعل کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ة اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ ❺ علامت تُ اور "اَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❻ لَاسْتَكْثَرْتُ کے شروع میں لَا الگ لفظ نہیں بلکہ یہ لَ + اِسْتَكْثَرْتُ کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ع 23 7 13

| | |
|---|---|
| وَ مَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛ | اور نہ پہنچتی مجھے (کبھی کوئی) تکلیف |
| اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ | نہیں ہوں میں مگر ایک ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا |
| لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ع (188) | اُس قوم کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔ ع (188) |
| هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ | (اللہ) وہ ہے جس نے پیدا کیا تمہیں ایک جان سے |
| وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا | اور اُس نے بنایا اُس سے اُس کا جوڑا |
| لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ | تا کہ وہ سکون حاصل کرے اُس سے |
| فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا | پھر جب اس نے ڈھانک لیا اُسے (صحبت کی) |
| حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا | (تو) اٹھایا اُس نے ہلکا سا حمل |
| فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ | تو لیے پھرتی رہی اُس کو، پھر جب وہ بوجھل ہوگئی |
| دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا | (تو) اُن دونوں نے دعا کی اپنے رب اللہ سے |
| لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا | البتہ اگر تو نے دیا ہمیں تندرست (بچہ، تو) |
| لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ (189) | یقیناً ہم ہوں گے شکر گزاروں میں سے۔ (189) |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَسَّنِيَ | : مس کرنا (چھونا)۔ | حَمَلَتْ | : حمل، حامل، حاملہ۔ |
| السُّوْٓءُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ | خَفِيْفًا | : خفیف، خفّت، تخفیف، مخفّف۔ |
| نَذِيْرٌ | : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔ | فَمَرَّتْ | : مرور زمانہ۔ |
| خَلَقَكُمْ | : خالق، مخلوق، تخلیق۔ | اَثْقَلَتْ | : ثقیل، کشش ثقل۔ |
| نَّفْسٍ | : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ | دَّعَوَا | : دعوت، داعی، مدعی، الداعی الی الخیر۔ |
| زَوْجَهَا | : زوجہ، زوجیت، ازدواجی تعلقات۔ | صَالِحًا | : صالح، سلف صالحین، صلاح۔ |
| لِيَسْكُنَ | : سکون، سکینت، تسکین۔ | الشّٰكِرِيْنَ | : شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔ |

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | مَسَّنِیَ ❶ | السُّوْٓءُ ۛ | اِنْ | اَنَا | اِلَّا |
| اور نہ | پہنچتی مجھے | (کبھی کوئی) تکلیف | نہیں | (ہوں) میں | مگر |

ع 23 7 13

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَذِیْرٌ | وَّ | بَشِیْرٌ | لِّقَوْمٍ | یُّؤْمِنُوْنَ ﴿188﴾ ع |
| ایک ڈرانے والا | اور | خوشخبری دینے والا | (اُس) قوم کے لیے | (جو) وہ سب ایمان رکھتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُوَ | الَّذِیْ | خَلَقَكُمْ ❸ | مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ❹ | وَّجَعَلَ |
| (اللہ) وہ ہے | جس نے | پیدا کیا تمھیں | ایک جان سے | اور اُس نے بنایا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْهَا | زَوْجَهَا | لِیَسْكُنَ | اِلَیْهَا ج | فَلَمَّا |
| اُس سے | اس کا جوڑا | تاکہ وہ سکون حاصل کرے | اُس کی طرف | پھر جب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَغَشّٰىهَا ❺ | حَمَلَتْ ❻ | حَمْلًا خَفِیْفًا | فَمَرَّتْ ❻ | بِهٖ ج |
| اس نے ڈھانک لیا اُسے | تو اٹھایا اُس نے | ہلکا سا حمل | تو لیے پھرتی رہی | اُس کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّآ | اَثْقَلَتْ ❻ | دَّعَوَا ❼ | اللّٰهَ | رَبَّهُمَا |
| پھر جب | وہ بوجھل ہوگئی (تو) | اُن دونوں نے دعا کی | اللہ سے | (جو) ان دونوں کا رب ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَئِنْ | اٰتَیْتَنَا | صَالِحًا | لَّنَكُوْنَنَّ | مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿189﴾ |
| البتہ اگر | تو نے دیا ہمیں | تندرست (بچہ) | (تو) یقیناً ہم ہوں گے | شکر کرنیوالوں میں سے |

### ضروری وضاحت

❶ فعل کے ساتھ جب علامت ی لگائی ہو تو فعل اور ی کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔❷ علامت اِنْ کے بعد اگر اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔❸ علامت كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھیں کیا جاتا ہے۔❹ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔❻ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼ دَعَوَا کے آخر میں "ا" میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا | پھر جب اُس نے دے دیا اُن دونوں کو تندرست (بچہ) |
| جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ | (تو) دونوں نے بنائے اُس کے شریک |
| فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ | اس میں جو اس نے دیا اُنہیں پس بہت بلند ہے اللہ |
| عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿190﴾ | اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿190﴾ |
| اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ | کیا وہ شریک بناتے ہیں (اُنہیں) جو نہیں پیدا کر سکتے |
| شَيْـًٔا وَّ هُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿191﴾ ۡ ۖ | کوئی چیز حالانکہ وہ (خود) پیدا کیے جاتے ہیں۔ ﴿191﴾ |
| وَ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا | اور نہیں وہ طاقت رکھتے اُن کی مدد کرنے کی |
| وَّ لَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿192﴾ | اور نہ وہ اپنے نفسوں کی مدد کر سکتے ہیں۔ ﴿192﴾ |
| وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى | اور اگر تم بلاؤ اُنہیں ہدایت کی طرف |
| لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ۭ | (تو) نہیں وہ پیروی کریں گے تمہاری |
| سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ | برابر ہے تم پر خواہ تم پکارو اُنہیں |
| اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿193﴾ | یا تم خاموش رہنے والے ہو۔ ﴿193﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| شُرَكَآءَ، يُشْرِكُوْنَ : شریک، شراکت، مشرک۔ | اَنْفُسَهُمْ : نفس، نظامِ تنفس، نفسانفسی۔ |
| فَتَعٰلَى : عالی مقام، عالی شان، اللہ تعالیٰ۔ | الْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔ |
| يَخْلُقُ، يُخْلَقُوْنَ : خلق، خالق، مخلوق، تخلیق۔ | لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔ |
| شَيْـًٔا : شے، اشیائے ضرورت۔ | يَتَّبِعُوْكُمْ : اتباع، تابع فرماں، متبع سنت۔ |
| يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت کے مطابق۔ | سَوَآءٌ : مساوی، مساوات۔ |
| نَصْرًا، يَنْصُرُوْنَ : نصرت، انصار مدینہ، ناصر۔ | دَعَوْتُمُوْهُمْ : دعا، دعوت، الداعی الی الخیر۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّآ | اٰتٰىهُمَا | صَالِحًا | جَعَلَا ❶ | لَهٗ |
| پھر جب | اُس نے دے دیا اُن دونوں کو | تندرست (بچہ) | (تو) دونوں نے بنائے | اُس کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شُرَكَآءَ | فِيْمَآ | اٰتٰىهُمَا ج | فَتَعٰلَى ❷ | اللّٰهُ | عَمَّا ❸ |
| شریک | (اس) میں جو | اس نے دیا اُن دونوں کو | پس بہت بلند ہے | اللہ | (اس) سے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ (190) | اَ | يُشْرِكُوْنَ | مَا | لَا يَخْلُقُ |
| وہ سب شریک بناتے ہیں | کیا | وہ سب شریک بناتے ہیں (اُنہیں) | جو | نہیں وہ پیدا کر سکتے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَيْئًا ❹ | وَّ | هُمْ يُخْلَقُوْنَ ❺ صلے (191) | وَ | لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ | لَهُمْ |
| کوئی چیز | حالانکہ | وہ سب (خود) پیدا کیے جاتے ہیں | اور | نہیں وہ سب طاقت رکھتے | اُن کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نَصْرًا | وَّ لَآ | اَنْفُسَهُمْ | يَنْصُرُوْنَ (192) | وَ | اِنْ |
| مدد کرنے کی | اور نہ | اپنے نفسوں کی | وہ سب مدد کر سکتے ہیں | اور | اگر |

| | | |
|---|---|---|
| تَدْعُوْهُمْ ❻ | اِلَى الْهُدٰى | لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ط |
| تم سب بلاؤ اُنہیں | ہدایت کی طرف | (تو) نہیں وہ سب پیروی کریں گے تمہاری |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سَوَآءٌ | عَلَيْكُمْ | اَدَعَوْتُمُوْهُمْ ❻❼ | اَمْ اَنْتُمْ | صَامِتُوْنَ (193) |
| برابر ہے | تم پر | خواہ تم سب پکارو اُنہیں | یا تم | سب خاموش رہنے والے ہو |

### ضروری وضاحت

❶ جَعَلَا کے آخر میں "ا" میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔❷علامت تَ اور درمیان میں "ا" دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔❸عَمَّا دراصل عَنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔❹ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔❺ علامت هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔❻علامت تُمْ کے بعد کوئی اور علامت آئے تو درمیان میں "و" کا اضافہ کرتے ہیں۔❼علامت "اَ" کے بعد اسی جملے میں اَمْ ہو تو اس "اَ" کا ترجمہ عموماً خواہ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ | بیشک وہ لوگ جنہیں تم پکارتے ہو اللہ کے علاوہ |
| عِبَادٌ اَمۡثَالُكُمۡ فَادۡعُوۡهُمۡ | وہ تو بندے ہیں تمہاری طرح، سو تم پکارو اُنہیں |
| فَلۡيَسۡتَجِيۡبُوۡا لَكُمۡ | پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں تمہیں |
| اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿194﴾ | اگر ہو تم سچے۔ ﴿194﴾ |
| اَلَهُمۡ اَرۡجُلٌ يَّمۡشُوۡنَ بِهَآ ۡ | کیا اُن کے پاؤں ہیں (کہ) وہ چلتے ہوں اُن سے |
| اَمۡ لَهُمۡ اَيۡدٍ يَّبۡطِشُوۡنَ بِهَآ ۡ | یا اُن کے ہاتھ ہیں (کہ) وہ پکڑتے ہوں اُن سے |
| اَمۡ لَهُمۡ اَعۡيُنٌ يُّبۡصِرُوۡنَ بِهَآ ۡ | یا اُن کی آنکھیں ہیں (کہ) وہ دیکھتے ہوں اُن سے |
| اَمۡ لَهُمۡ اٰذَانٌ يَّسۡمَعُوۡنَ بِهَا ؕ | یا اُن کے کان ہیں (کہ) وہ سنتے ہوں اُن سے |
| قُلِ ادۡعُوۡا شُرَكَآءَكُمۡ | کہہ دیجیے تم بلا لو اپنے شریکوں کو |
| ثُمَّ كِيۡدُوۡنِ فَلَا تُنۡظِرُوۡنِ ﴿195﴾ | پھر تم تدبیر کرو میرے خلاف پس نہ مہلت دو مجھے۔ ﴿195﴾ |
| اِنَّ وَلِیِّ َ اللّٰهُ | بیشک میرا کارساز اللہ ہے |
| الَّذِىۡ نَزَّلَ الۡكِتٰبَ | جس نے کتاب اُتاری ہے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تَدۡعُوۡنَ، فَادۡعُوۡهُمۡ : دعا، دعوت، الداعی الی الخیر۔ | اَعۡيُنٌ : عینی شاہد، عین سامنے، معائنہ۔ |
| عِبَادٌ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ | يُّبۡصِرُوۡنَ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔ |
| اَمۡثَالُكُمۡ : مثل، مثال، مثالیں، تمثیل۔ | يَّسۡمَعُوۡنَ : سماعت، آلۂ سماعت، سامعین کرام۔ |
| فَلۡيَسۡتَجِيۡبُوۡا : جواب، مستجاب الدعوات۔ | قُلِ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔ |
| صٰدِقِيۡنَ : صدق وصفا، صادق وامین، صداقت۔ | شُرَكَآءَكُمۡ : شریک، شراکت، مشرک۔ |
| اَيۡدٍ : ید بیضا، ید طولیٰ، ذوالیدین۔ | نَزَّلَ : نازل، نزول، شانِ نزول۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❶ | عِبَادٌ | اَمْثَالُكُمْ |
| بیشک وہ لوگ جنہیں | تم سب پکارتے ہو | اللہ کے علاوہ | (وہ) بندے ہیں | تمہاری طرح |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَادْعُوْهُمْ ❷ | فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لَكُمْ ❸ | اِنْ كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ (194) |
| سو تم سب پکارو اُنہیں | پھر چاہیے کہ وہ سب جواب دیں | تمہیں | اگر ہو تم | سب سچے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | لَهُمْ | اَرْجُلٌ | يَّمْشُوْنَ | بِهَآ ز | اَمْ | لَهُمْ | اَيْدٍ |
| کیا | اُن کے | پاؤں ہیں | (کہ) وہ سب چلتے ہوں | اُن سے | یا | اُن کے | ہاتھ ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَّبْطِشُوْنَ | بِهَآ ز | اَمْ | لَهُمْ | اَعْيُنٌ | يُّبْصِرُوْنَ |
| (کہ) وہ سب پکڑتے ہوں | اُن سے | یا | اُن کی | آنکھیں ہیں | (کہ) وہ سب دیکھتے ہوں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَآ ز | اَمْ | لَهُمْ | اٰذَانٌ | يَّسْمَعُوْنَ | بِهَا ط | قُلِ |
| اُن سے | یا | اُن کے | کان ہیں | (کہ) وہ سب سنتے ہوں | اُن سے | کہہ دیجیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ادْعُوْا | شُرَكَآءَكُمْ | ثُمَّ | كِيْدُوْنِ ❹ | فَلَا تُنْظِرُوْنِ ❷❹ (195) |
| تم سب بلالو | اپنے شریکوں کو | پھر | سب تدبیر کرو میرے خلاف | پھر مت تم سب مہلت دو مجھے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | وَلِيِّ ❺ | اللّٰهُ | الَّذِيْ | نَزَّلَ | الْكِتٰبَ |
| بیشک | میرا کارساز | اللہ ہے | جس نے | اُتاری ہے | کتاب |

### ضروری وضاحت

❶ مِنْ کے بعد اگر دُوْنَ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷ وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ كِيْدُوْنِ اصل میں كِيْدُوْنِيْ ، فَلَا تُنْظِرُوْنِ اصل میں فَلَا تُنْظِرُوْنِيْ تھا فعل کے ساتھ جب ی آتی ہے تو فعل اور ی کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور تخفیف کیلئے آخر سے ی گر گئی ہے۔ ❺ وَلِيِّ کے ساتھ ی کا ترجمہ میرا ہے کیونکہ اس سے پہلے شد موجود تھی اس لیے اسکو الگ لکھا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

| | |
|---|---|
| وَ هُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ (196) | اور وہی کارسازی کرتا ہے نیکوں کی۔ (196) |
| وَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ | اور وہ لوگ جنہیں تم پکارتے ہو اُس کے سوا |
| لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ | نہیں وہ طاقت رکھتے تمہاری مدد (کرنے) کی |
| وَ لَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ (197) | اور نہ اپنے نفسوں کی وہ مدد کر سکتے ہیں۔ (197) |
| وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى | اور اگر تم بلاؤ اُنہیں ہدایت کی طرف |
| لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَ تَرٰىهُمْ | (تو) نہیں وہ سنیں گے اور آپ دیکھتے ہیں اُنہیں |
| يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ | (کہ) وہ دیکھ رہے ہوں آپ کی طرف |
| وَ هُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (198) | حالانکہ وہ نہیں دیکھتے۔ (198) |
| خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ | اختیار کیجیے درگزر کرنے کو اور حکم دیجیے نیکی کا |
| وَ اَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (199) | اور اعراض کیجیے جاہلوں سے۔ (199) |
| وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ | اور اگر ضرور اُبھارے آپ کو شیطان کی طرف سے |
| نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ | کوئی وسوسہ، تو پناہ مانگیے اللہ سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَوَلّٰى : والی، متولی۔
تَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت کے مطابق۔
نَصْرَكُمْ ، يَنْصُرُوْنَ : نصرت، ناصر، منصور۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نظامِ تنفس، نفسانفسی۔
الْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
يَسْمَعُوْا : سمع وبصر، آلۂ سماعت، سامعین کرام۔
تَرٰىهُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر۔
الْعَفْوَ : عفوودرگزر، معافی۔
وَاْمُرْ : امر، آمر، مامور، امارت۔
بِالْعُرْفِ : عرف، امر بالمعروف، معروف اشیاء۔
اَعْرِضْ : اعراض کرنا۔
فَاسْتَعِذْ : تعوذ، تعویذ، معاذ اللہ۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | يَتَوَلَّى ❶ | الصّٰلِحِيْنَ (196) | وَ | الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ |
| اور وہی | کارسازی کرتا ہے | سب نیکوں کی | اور | وہ لوگ جنہیں | تم سب پکارتے ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِهٖ ❷ | لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ | نَصْرَكُمْ | وَ لَآ |
| اُس کے سوا | نہیں وہ سب طاقت رکھتے | تمہاری مدد کرنے کی | اور نہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | يَنْصُرُوْنَ (197) | وَ اِنْ | تَدْعُوْهُمْ ❸ | اِلَى الْهُدٰى |
| اپنے نفسوں کی | وہ سب مدد کر سکتے ہیں | اور اگر | تم سب بلاؤ اُنہیں | ہدایت کی طرف |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا يَسْمَعُوْا ؕ | وَ | تَرٰىهُمْ | يَنْظُرُوْنَ |
| (تو) نہیں وہ سب سنیں گے | اور | تو دیکھتا ہے اُنہیں | (کہ) وہ سب دیکھ رہے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | وَ | هُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ❹ (198) | خُذِ ❺ | الْعَفْوَ |
| آپ کی طرف | حالانکہ | نہیں وہ سب دیکھتے | اختیار کیجیے | درگزر کرنے کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاْمُرْ | بِالْعُرْفِ | وَ | اَعْرِضْ | عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (199) | وَاِمَّا ❻ |
| اور حکم دیجیے | نیکی کا | اور | اعراض کیجیے | سب جاہلوں سے | اور اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَنْزَغَنَّكَ ❼ | مِنَ الشَّيْطٰنِ | نَزْغٌ | فَاسْتَعِذْ ❽ | بِاللّٰهِ ؕ |
| ضرور اُبھارے آپ کو | شیطان کی طرف سے | کوئی وسوسہ | تو پناہ مانگیے | اللہ کی |

## ضروری وضاحت

❶ تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❷ دُوْنَ سے پہلے اگر مِنْ موجود ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ علامت هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❺ خُذْ اخذ سے بنا ہے آسانی کے لیے شروع سے "اَ" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❻ اِمَّا دراصل اِنْ + مَا کا مجموعہ ہے اِنْ کا ترجمہ اگر اور مَا زائد ہے۔ ❼ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❽ اِسْتَ میں طلب و چاہت یا مانگنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (200) | بیشک وہ خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔ (200) |
| اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا | بیشک وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا |
| اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ | جب چھو جائے اُنہیں کوئی (برا) خیال شیطان سے |
| تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ | (تو) چونک پڑتے ہیں پھر اچانک وہ |
| مُّبْصِرُوْنَ (201) | دیکھنے والے (یعنی سوجھ بوجھ والے) ہو جاتے ہیں۔ (201) |
| وَ اِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ | اور اُن کے (شیطان) بھائی کھینچتے ہیں اُنہیں |
| فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ (202) | گمراہی میں پھر نہیں وہ کمی کرتے۔ (202) |
| وَ اِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ | اور جب نہ لائیں آپ اُن کے پاس کوئی نشانی |
| قَالُوْا لَوْ لَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ | (تو) کہتے ہیں کیوں نہ تو نے خود بنا لیا اُسے |
| قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ | کہہ دیجیے درحقیقت میں (تو) پیروی کرتا ہوں |
| مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ؕ | جو وحی کی جاتی ہے میری طرف میرے رب کی طرف سے |
| هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ | یہ روشن دلائل ہیں تمہارے رب کی طرف سے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَمِيْعٌ | سمع وبصر، سماعت، سامعین۔ | فِيْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| عَلِيْمٌ | علم، عالم، معلوم، تعلیم۔ | بِاٰيَةٍ | آیت، آیات الٰہی۔ |
| اتَّقَوْا | تقویٰ، متقی۔ | قَالُوْا | قول، اقوال، مقولہ، قائل۔ |
| مَسَّهُمْ | مس کرنا (چھونا)۔ | اَتَّبِعُ | اتباع، تابع فرماں، متبع سنت۔ |
| تَذَكَّرُوْا | ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔ | يُوْحٰى | وحی الٰہی، وحی متلو۔ |
| مُّبْصِرُوْنَ، بَصَآئِرُ | سمع وبصر، بصارت، بصیرت، مبصر۔ | هٰذَا | لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔ |
| اِخْوَانُهُمْ | اخوت، مواخات، اخوان المسلمین۔ | مِنْ | منجانب، من حیث القوم، من وعن۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| اِنَّهٗ | سَمِيْعٌ ❶ | عَلِيْمٌ ❶ (200) | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | خوب سننے والا | خوب جاننے والا ہے | بیشک | وہ لوگ جن | سب نے تقویٰ اختیار کیا |

| اِذَا | مَسَّهُمْ ❷ | طٰٓئِفٌ | مِّنَ الشَّيْطٰنِ | تَذَكَّرُوْا ❸ |
|---|---|---|---|---|
| جب | چھو جائے اُنہیں | کوئی (برا) خیال | شیطان (کی طرف) سے | (تو) سب چونک پڑتے ہیں |

| فَاِذَا ❹ | هُمْ | مُّبْصِرُوْنَ ج (201) | وَ | اِخْوَانُهُمْ |
|---|---|---|---|---|
| پھر اچانک | وہ | سب سوجھ بوجھ والے ہوجاتے ہیں | اور | اُن کے (شیطان) بھائی |

| يَمُدُّوْنَهُمْ ❷ | فِي الْغَيِّ | ثُمَّ | لَا يُقْصِرُوْنَ (202) |
|---|---|---|---|
| وہ سب کھینچتے ہیں اُنہیں | گمراہی میں | پھر | نہیں وہ سب کمی کرتے |

| وَ اِذَا ❹ | لَمْ تَاْتِهِمْ | بِاٰيَةٍ ❺ | قَالُوْا | لَوْ لَا |
|---|---|---|---|---|
| اور جب | نہ لائیں آپ اُنکے پاس | کوئی نشانی | (تو) سب کہتے ہیں | کیوں نہ |

| اجْتَبَيْتَهَا ط | قُلْ | اِنَّمَآ | اَتَّبِعُ | مَا | يُوْحٰٓى ❻ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو نے خود بنالیا اُسے | کہہ دیجیے | درحقیقت | میں پیروی کرتا ہوں | جو | وحی کی جاتی ہے |

| اِلَيَّ ❼ | مِنْ رَّبِّيْ ج | هٰذَا | بَصَآئِرُ | مِنْ رَّبِّكُمْ |
|---|---|---|---|---|
| میری طرف | میرے رب کی طرف سے | یہ | روشن دلائل ہیں | تمہارے رب کی طرف سے |

### ضروری وضاحت

❶ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔❷ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ عموماً اُنہیں کیا جاتا ہے۔❸ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔❹ اِذَا کا ترجمہ کبھی اچانک اور کبھی جب کیا جاتا ہے۔❺ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ة کا الگ ترجمہ ممکن نہیں، جبکہ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔❻ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❼ اِلَيَّ دراصل اِلٰى + ى کا مجموعہ ہے دو ی کو اکٹھا کرکے شد دی گئی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ | اور ہدایت اور رحمت ہے |
| لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿203﴾ | (اس) قوم کے لیے (جو) ایمان لائے ہیں۔﴿203﴾ |
| وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ | اور جب پڑھا جائے قرآن تو غور سے سنا کرو اس کو |
| وَ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿204﴾ | اور خاموش رہو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔﴿204﴾ |
| وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ | اور یاد کیجئے اپنے رب کو اپنے دل میں |
| تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ | عاجزی سے اور ڈرتے ہوئے اور بغیر بلند آواز کے |
| بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ | صبح کو اور شام (کو) |
| وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾ | اور مت ہو جاؤ تم غافلوں میں سے۔﴿205﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ | بیشک وہ لوگ جو تیرے رب کے پاس ہیں |
| لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ | نہیں وہ تکبر کرتے اُس کی عبادت سے |
| وَ يُسَبِّحُوْنَهٗ | اور وہ تسبیح بیان کرتے ہیں اُسکی |
| وَ لَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿206﴾ السجدة ع | اور اُسی کو وہ سجدہ کرتے ہیں۔﴿206﴾ ع |

ع 24 18 14 السجدة الثالثة

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُدًى | ہدایت، ہادی برحق۔ | خِيْفَةً | خوف، خائف۔ |
| يُّؤْمِنُوْنَ | ایمان، مومن، امن۔ | الْجَهْرِ | جہری نمازیں، آمین بالجہر۔ |
| قُرِئَ | قاری، قرأت، قرآن۔ | عِنْدَ | عندالطلب، عنداللہ ماجورہوں۔ |
| فَاسْتَمِعُوْا | سمع وبصر، آلۂ سماعت، سامعین کرام۔ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | تکبر، متکبر، کبر، کبریائی۔ |
| تُرْحَمُوْنَ | رحم، رحمت، رحیم۔ | عِبَادَتِهٖ | عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |
| اذْكُرْ | ذکر، تذکرہ، مذکورہ۔ | يُسَبِّحُوْنَهٗ | تسبیح، تسبیحات۔ |
| نَفْسِكَ | نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ | يَسْجُدُوْنَ | سجدہ، ساجد، مسجود۔ |

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةٌ ❶ | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ (203) |
| اور | ہدایت | اور | رحمت ہے | (اس) قوم کے لیے | (جو) وہ سب ایمان لائے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِذَا | قُرِئَ | الْقُرْاٰنُ | فَاسْتَمِعُوْا ❷ | لَهٗ |
| اور جب | پڑھا جائے | قرآن | تو سب غور سے سنا کرو | اس کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْصِتُوْا | لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ❸ (204) | وَ | اذْكُرْ | رَّبَّكَ |
| اور | سب خاموش رہو | تا کہ تم سب رحم کیے جاؤ | اور | یاد کیجئے | اپنے رب کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ نَفْسِكَ | تَضَرُّعًا ❹ | وَّ | خِيْفَةً ❶ | وَّ | دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ ❺ |
| اپنے دل میں | عاجزی سے | اور | ڈرتے ہوئے | اور | بغیر بلند آواز کے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْغُدُوِّ | وَ | الْاٰصَالِ | وَ | لَا تَكُنْ ❻ | مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ (205) | اِنَّ |
| صبح کو | اور | شام کو | اور | مت آپ ہوں | غافلوں میں سے | بیشک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | عِنْدَ رَبِّكَ | لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ❼ | عَنْ عِبَادَتِهٖ |
| وہ لوگ جو | تیرے رب کے پاس ہیں | نہیں وہ سب تکبر کرتے | اُس کی عبادت سے |

24 ع 18 14 السجدۃ 1 الثلثۃ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | يُسَبِّحُوْنَهٗ | وَ | لَهٗ | يَسْجُدُوْنَ (206) ۩ السجدة |
| اور | وہ سب تسبیح بیان کرتے ہیں اُسکی | اور | اُسی کو | وہ سب سجدہ کرتے ہیں |

### ضروری وضاحت

❶ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ فَاسْتَمِعُوْا دراصل سِمَاعٌ سے نکلا ہے، جس فعل میں تَ کا اضافہ ہوتا ہے اس میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ غور سے کیا گیا ہے۔ ❸ کُمْ اور تُ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❹ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ یہاں مِنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اٰيَاتُهَا 75 — 8 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ 88 — رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ | وہ سوال کرتے ہیں آپ سے مالِ غنیمت کے بارے میں |
| قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ | کہہ دیجیے! مالِ غنیمت (تو) اللہ اور رسول کے لیے ہے |
| فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ | پس اللہ سے ڈرو اور اصلاح کرو اپنے درمیان |
| وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ | اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی |
| اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ① | اگر ہو تم ایمان لانے والے۔ ① |
| اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ | درحقیقت مومن (وہ ہوتے ہیں) جو (کہ) |
| اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ | جب ذکر کیا جائے اللہ کا (تو) ڈر جاتے ہیں اُن کے دل |
| وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ | اور جب تلاوت کی جائے اُن پر اُس کی آیات |
| زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا | (تو) بڑھا دیتی ہیں اُن کو ایمان میں |
| وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ② ۚۖ | اور اپنے رب پر وہ بھروسا رکھتے ہیں۔ ② |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول۔ | مُّؤْمِنِيْنَ، اِيْمَانًا : ایمان، مومن، امن۔ |
| قُلِ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | ذُكِرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔ |
| لِلّٰهِ : لہٰذا، الحمدللہ۔ | قُلُوْبُهُمْ : قلب اطہر، قلبی تعلق، امراض قلب۔ |
| وَ : مال ودولت، شان وشوکت، عفوودرگزر۔ | تُلِيَتْ : تلاوت، وحی متلو۔ |
| فَاتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔ | عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| اَصْلِحُوْا : اصلاح، مصلح، صلح۔ | زَادَتْهُمْ : زائد، زیادہ، مزید۔ |
| اَطِيْعُوا : اطاعت، مطیع۔ | يَتَوَكَّلُوْنَ : توکل، متوکل علی اللہ۔ |

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# اٰيَاتُهَا 75 — 8 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ 88 — رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَسْئَلُوْنَكَ | عَنِ الْاَنْفَالِ ط | قُلِ 1 | الْاَنْفَالُ |
| وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے | مالِ غنیمت کے بارے میں | کہہ دیجیے | مالِ غنیمت (تو) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلِ ج | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ |
| اللہ کے لیے | اور | (اسکے) رسول (کے لیے) ہے | پس تم سب ڈر جاؤ | اللہ سے | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَصْلِحُوْا | ذَاتَ بَيْنِكُمْ 2 صلے | وَ | اَطِيْعُوا اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ |
| تم سب اصلاح کرو | اپنے درمیان | اور | تم سب اطاعت کرو اللہ کی | اور | اسکے رسول کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ (1) | اِنَّمَا 3 | الْمُؤْمِنُوْنَ 4 | الَّذِيْنَ | اِذَا |
| اگر ہو تم | سب ایمان لانیوالے | درحقیقت | مومن وہ ہوتے ہیں | جو (کہ) | جب |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ذُكِرَ 5 | اللّٰهُ | وَجِلَتْ 6 | قُلُوْبُهُمْ | وَ اِذَا | تُلِيَتْ 6 | عَلَيْهِمْ |
| ذکر کیا جائے | اللہ کا (تو) | ڈر جاتے ہیں | اُنکے دل | اور جب | تلاوت کی جائے | اُن پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتُهٗ 6 | زَادَتْهُمْ 6 | اِيْمَانًا | وَّ | عَلٰى رَبِّهِمْ | يَتَوَكَّلُوْنَ ج (2) |
| اُسکی آیات | (تو) بڑھا دیتی ہیں اُنکو | ایمان میں | اور | اپنے رب پر | وہ سب بھروسا رکھتے ہیں |

## ضروری وضاحت

❶ قُلْ یہ قَوْلٌ سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے "و" کو گرا دیا گیا ہے۔❷ ذَاتَ بَيْنِكُمْ میں با محاورہ ترجمہ کرتے ہوئے ذَاتَ کا ترجمہ نہیں کیا گیا ویسے ذَاتَ کا ترجمہ والی ہے یعنی اپنے درمیان والی باتوں کی اصلاح کرو۔❸ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس کی تاکید میں اضافہ ہو جاتا ہے۔❹ وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔❻ تْ، ات اور تُ مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا | وہ لوگ جو نماز قائم کرتے اور اُس سے جو |
| رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ؕ﴿3﴾ | ہم نے رزق دیا اُنہیں وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿3﴾ |
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ | وہ لوگ ہی حقیقی مومن ہیں |
| لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ | ان کے لیے درجات ہیں اُن کے رب کے پاس |
| وَ مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ ۚ﴿4﴾ | اور بخشش ہے اور باعزت رزق ہے۔ ﴿4﴾ |
| كَمَاۤ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ | جس طرح آپ کو نکالا آپ کے رب نے |
| مِنْۢ بَیْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَ اِنَّ فَرِیْقًا | آپ کے گھر سے حق کے ساتھ اور بیشک ایک جماعت |
| مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿5﴾ | مؤمنوں میں سے یقیناً ناپسند کرنے والی تھی۔ ﴿5﴾ |
| یُجَادِلُوْنَكَ فِی الْحَقِّ | وہ جھگڑتے ہیں آپ سے حق میں |
| بَعْدَ مَا تَبَیَّنَ | اس کے بعد کہ وہ واضح ہوگیا تھا |
| كَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ | گویا کہ وہ ہانکے جارہے ہوں موت کی طرف |
| وَ هُمْ یَنْظُرُوْنَ ؕ﴿6﴾ | اس حال میں کہ وہ دیکھ رہے ہیں۔ ﴿6﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| یُقِیْمُوْنَ : قائم، قیام، مقیم۔ | رَبُّكَ : رب، ربوبیت، ارباب اختیار۔ |
| الصَّلٰوۃَ : صوم وصلوٰۃ، مصلّی۔ | بَیْتِكَ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔ |
| رَزَقْنٰهُمْ : رازق، رزق، رزّاق۔ | الْمُؤْمِنِیْنَ : مومن، ایمان، امن۔ |
| یُنْفِقُوْنَ : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔ | لَكٰرِهُوْنَ : مکروہ، کراہت۔ |
| عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔ | یُجَادِلُوْنَكَ : جنگ وجدل، جدال (جھگڑا)۔ |
| مَغْفِرَةٌ : دعائے مغفرت، استغفار۔ | تَبَیَّنَ : بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔ |
| اَخْرَجَكَ : خارج، خروج، اخراج، امور خارجہ۔ | یَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔ |

● کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ ❶ | وَ | مِمَّا ❷ | رَزَقْنٰهُمْ |
| وہ لوگ جو | وہ سب قائم کرتے ہیں | نماز | اور | (اُس) سے جو | ہم نے رزق دیا اُنہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُنْفِقُوْنَ ؕ (3) | اُولٰٓئِكَ | هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ ❸ | حَقًّا ؕ | لَهُمْ | دَرَجٰتٌ ❶ |
| وہ سب خرچ کرتے ہیں | وہ لوگ | ہی سب مومن ہیں | حقیقی | ان کے لیے | درجات ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ رَبِّهِمْ | وَ | مَغْفِرَةٌ ❶ | وَّ | رِزْقٌ | كَرِيْمٌ ۚ (4) |
| اُن کے رب کے پاس | اور | بخشش ہے | اور | رزق ہے | باعزت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَمَآ | اَخْرَجَكَ ❹ | رَبُّكَ | مِنْۢ بَيْتِكَ | بِالْحَقِّ ۙ |
| جس طرح | آپ کو نکالا | آپ کے رب نے | آپ کے گھر سے | حق کے ساتھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ اِنَّ | فَرِيْقًا ❺ | مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | لَكٰرِهُوْنَ ۙ (5) |
| اور بیشک | ایک گروہ | مؤمنوں میں سے (ایسا تھا جو) | یقیناً سب ناپسند کرنے والے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُجَادِلُوْنَكَ | فِي الْحَقِّ | بَعْدَ مَا ❻ | تَبَيَّنَ ❼ | كَاَنَّمَا |
| وہ سب جھگڑتے ہیں آپ سے | حق میں | (اسکے) بعد کہ | وہ واضح ہوگیا تھا | گویا کہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُسَاقُوْنَ | اِلَى الْمَوْتِ | وَ | هُمْ يَنْظُرُوْنَ ❽ ؕ (6) |
| وہ سب ہانکے جارہے ہوں | موت کی طرف | اس حال میں کہ | وہ سب دیکھ رہے ہیں |

## ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ مِمَّا اصل میں مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت هُمْ کے بعد اَلْ ہوتو ان دونوں کو ملاکر ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ❹ ''ا'' میں فعل کے معنی میں تبدیلی کا مفہوم ہے۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی کا ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❻ بَعْدَ کے بعد جب بھی مَا ہوتو اس مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ❼ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ علامت هُمْ اور يَ دونوں کا ملاکر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ | اور جب وعدہ کررہا تھا تم سے اللہ |
| اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ | دو گروہوں میں سے ایک کا کہ یقیناً وہ تمہارے لیے ہے |
| وَ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ | اور تم چاہتے تھے کہ بیشک (جو) کانٹے والا (مسلح) نہیں |
| تَكُوْنُ لَكُمْ وَ يُرِيْدُ اللّٰهُ | وہ ہو تمہارے لیے اور اللہ چاہتا تھا |
| اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ | کہ وہ سچا کردے حق کو اپنی باتوں کے ساتھ |
| وَ يَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿7﴾ | اور کاٹ دے جڑ کافروں کی۔ ﴿7﴾ |
| لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَ يُبْطِلَ الْبَاطِلَ | تاکہ وہ سچا کردے حق کو اور جھوٹا کردے باطل کو |
| وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ﴿8﴾ | اور اگرچہ ناپسند کریں مجرم۔ ﴿8﴾ |
| اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ | جب تم فریاد کررہے تھے اپنے رب سے |
| فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ | تو اس نے دعا قبول کی تمہاری کہ بیشک میں |
| مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ | تمہاری امداد کرنے والا ہوں ایک ہزار فرشتے سے |
| مُرْدِفِيْنَ ﴿9﴾ | (جو) ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے ہیں۔ ﴿9﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعِدُكُمْ : وعدہ، وعید۔

اِحْدَى : واحد، احد، توحید و سنت، وحدانیت۔

الطَّآئِفَتَيْنِ : ثقافتی طائفہ، طائفہ منصورہ۔

تَوَدُّوْنَ : محبت و مودّت۔

يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔

بِكَلِمٰتِهٖ : کلمہ، کلام، کلمات۔

يَقْطَعَ : قطع، قاطع، قطع کلامی، قطع رحمی۔

يُبْطِلَ : حق و باطل، مذاہب باطلہ۔

كَرِهَ : مکروہ، کراہت۔

الْمُجْرِمُوْنَ : جرم، مجرم، اعتراف جرم، جرائم پیشہ۔

تَسْتَغِيْثُوْنَ : استغاثہ، مغیث، غوث۔

فَاسْتَجَابَ : جواب، مستجاب الدعاء۔

مُمِدُّكُمْ : مدد، امداد، مدد و معاون، معاونین حضرات۔

الْمَلٰٓئِكَةِ : ملائکہ، ملک الموت، مسجود ملائکہ۔

● کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِذْ | يَعِدُكُمُ ❶ | اللّٰهُ | اِحْدَى | الطَّآئِفَتَيْنِ | اَنَّهَا |
| اور جب | وعدہ کررہا تھا تم سے | اللہ | ایک (گروہ) کا | دو گروہوں میں سے | کہ یقیناً وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَ | تَوَدُّوْنَ | اَنَّ | غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ ❷❸ |
| تمہارے لیے ہے | اور | تم سب چاہتے تھے | کہ بیشک | (جو) نہ ہو کانٹے والی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَكُوْنُ ❸ | لَكُمْ | وَ | يُرِيْدُ اللّٰهُ ❶ | اَنْ يُّحِقَّ | الْحَقَّ ❹ | بِكَلِمٰتِهٖ ❸ |
| وہ ہو | تمہارے لیے | اور | چاہتا تھا اللہ | کہ وہ سچا کردے | حق کو | اپنی باتوں کے ساتھ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ يَقْطَعَ | دَابِرَ ❹ | الْكٰفِرِيْنَ ۙ (7) | لِيُحِقَّ | الْحَقَّ ❹ | وَ يُبْطِلَ |
| اور وہ کاٹ دے | جڑ | سب کافروں کی | تا کہ وہ سچا کردے | حق کو | اور وہ جھوٹا کردے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْبَاطِلَ ❹ | وَ لَوْ | كَرِهَ | الْمُجْرِمُوْنَ ۚ (8) | اِذْ | تَسْتَغِيْثُوْنَ |
| باطل کو | اور اگرچہ | ناپسند کریں | سب جرم کرنیوالے | جب | تم سب فریاد کررہے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبَّكُمْ | فَاسْتَجَابَ | لَكُمْ ❺ | اَنِّىْ | مُمِدُّكُمْ |
| اپنے رب سے | تو اس نے دعا قبول کی | تمہاری | کہ بیشک میں | امداد کرنیوالا ہوں تمہاری |

| | | |
|---|---|---|
| بِاَلْفٍ | مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ ❻ | مُرْدِفِيْنَ (9) |
| ایک ہزار کے ذریعے | فرشتوں میں سے | (جو) سب ایک دوسرے کے پیچھے آنیوالے ہیں |

**ضروری وضاحت**

❶ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ذَاتِ واحد مؤنث کے لیے استعمال ہوتی ہے "جو کانٹے والی نہیں" سے مراد وہ جماعت ہے جو غیر مسلح اور تجارتی قافلہ تھا۔ ❸ ۃ اور ات اسم کے آخر میں اور علامت تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❺ لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی | اورنہیں بنایا اس (مدد) کو اللہ نے مگر خوشخبری |
| وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ | اور تاکہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمہارے دل |
| وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ | اورنہیں ہے مدد مگر اللہ کے پاس سے |
| اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿10﴾ ع | بیشک اللہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے۔ ﴿10﴾ ع |
| اِذْ یُغَشِّیْكُمُ النُّعَاسَ | جب طاری کر رہا تھا (اللہ) تم پر اونگھ |
| اَمَنَةً مِّنْهُ | امن دینے کے لیے اپنی طرف سے |
| وَ یُنَزِّلُ عَلَیْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً | اور وہ اتارتا تھا تم پر آسمان سے پانی |
| لِّیُطَهِّرَكُمْ بِهٖ | تاکہ وہ پاک کر دے تم کو اس کے ساتھ |
| وَ یُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّیْطٰنِ | اور دور کر دے تم سے شیطان کی گندگی |
| وَ لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ | اور تاکہ مضبوط گرہ باندھے تمہارے دلوں پر |
| وَ یُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿11﴾ ؕ | اور جما دے اس کے ساتھ قدموں کو۔ ﴿11﴾ |
| اِذْ یُوْحِیْ رَبُّكَ اِلَی الْمَلٰٓىِٕكَةِ | (یاد کرو) جب وحی کر رہا تھا آپ کا رب فرشتوں کی طرف |

ع 1/10/15

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اِلَّا : الا یہ کہ، الا ماشاءاللہ، الاقلیل۔ | لِّیُطَهِّرَكُمْ : طاہر وطیب، طہارت، ازواج مطہرات۔ |
| بُشْرٰی : بشارت، بشیر، مبشر۔ | لِیَرْبِطَ : ربط، رابطہ، مربوط (گرہ باندھنا)۔ |
| لِتَطْمَئِنَّ : اطمینان، مطمئن۔ | قُلُوْبِكُمْ : قلب اطہر، قلبی تعلق، امراض قلب۔ |
| النَّصْرُ : نصرت، ناصر، منصور، انصاری۔ | یُثَبِّتَ : ثابت، مثبت، اثبات، ثابت قدم۔ |
| یُغَشِّیْكُمُ : غشی طاری ہونا۔ | الْاَقْدَامَ : قدم، اقدام، خیر مقدم، تقدیم۔ |
| یُنَزِّلُ : نازل، نزول، شان نزول۔ | یُوْحِیْ : وحی الٰہی، وحی متلو۔ |
| السَّمَآءِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔ | الْمَلٰٓىِٕكَةِ : ملک الموت، مسجودِ ملائکہ۔ |

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
